سوال

(483) تورک کرنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تورک کرنے کا صحیح طریقہ بتائیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ نبی aجب بیمار ہوئے تو اس وقت تورک کرتے تھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تورک کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ نمازی آخری قعدہ میں اپنے دائیں قدم کو کھڑا کرلے اور بائیں قدم کو دائیں پنڈلی کے نیچے سے نکال کر زمین پر بیٹھ جائے۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ: ''نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب بیمار ہوگئے تو اس وقت تورک کرتے تھے۔'' ان لوگوں سے ان کے اس دعویٰ کی دلیل طلب فرمائیں، مجھے تو کوئی ایسی بات معلوم نہیں۔

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1